© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆مشرف کو جانا ہوگا، جج بحال، غیر آئینی ترامیم ختم کریں گے۔(نواز شریف)

صرف نغمے ہی نہیں لَے بھی بدلنی ہو گی
باغبانوں نے سنا ہے چمن بیچ دیا

☆لال مسجد نے مشکل میں ڈال دیا۔(شیخ رشید)

شیخ یہ کہتا گیا ، پیتا گیا ہے بہت ہی بدمزہ ، اچھی نہیں

☆لاقانونیت اور مہنگائی سے تنگ عوام نے نئے مستقبل کی امید میں ووٹ ڈالے۔(نیویارک ٹائمز)

دولت کے محافظ سانپوں کو بانبی میں نہ چھوڑا جائے گا مزدور دریچے کھولیں گے، مُردوں کو جھنجھوڑا جائے گا

☆پارٹی ارکان سبق سیکھیں، ایوانِ صدر سے خود کو دور رکھیں۔(اکرم ذکی، سینئر نائب صدر، ق لیگ)

وہ تجھے بھول گئے ، تجھ پہ لازم ہے امیرؔ خاک ڈال ، آگ لگا، نام نہ لے ، یاد نہ کر

☆ق لیگ کے لوگ اپنی اصل جماعت میں لوٹنا چاہیں تو خوش آمدید کہیں گے۔(نواز شریف)

جمہوریت اک طرزِ حکومت ہے کہ جس میں بندوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے
لوٹوں کا مگر طرزِ خطابت ہے نرالا چپ چاپ بکا کرتے ہیں بولا نہیں کرتے

☆افتخار محمد چودھری تیسرے درجے کا انسان ہے، زمین کا گند ہے۔(پرویز مشرف)

صدر پرویز مشرف کے بیان پر تبصرہ کرنا میری شان اور عہدے کے منافی ہے۔(جسٹس افتخار محمد)

☆بلوچستان، عدلیہ اور لال مسجد کے بحران ہماری غلطیاں ہیں۔(چودھری شجاعت)

سب کچھ لٹا کے ہوش میں آئے تو کیا کیا!

☆ق لیگ سے وابستہ پولیس و سول افسر پریشان!(ایک خبر)

چڑھتے ہوئے سورج کے پرستار سے پوچھو کیا تم نے کبھی شام کا منظر نہیں دیکھا؟

☆زرداری کے بات نہ کرنے سے ہماری جان چھوٹ گئی، اپوزیشن میں بیٹھیں گے۔(چودھری شجاعت)

”ہتھ نہ پہنچے، تھُو کوڑی“



© rasailojaraid.com